7865-کیا ہر سال شوال کے چھ روزے رکھنے لازم ہیں ؟

سوال

ایک شخص شوال کے چھ روزے رکھتا رہا لیکن کسی ایک برس وہ مرض یا سستی یا کسی اور مانع کی وجہ سے روزے نہ رکھ سکا تو کیا وہ گنہگار ہوگا، ہم یہ سنتے رہتے ہیں کہ جو ایک برس رکھ لے اس پر واجب ہے کہ وہ روزے رکھنے نہ چھوڑے ؟

پسندیدہ جواب

عید الفطر کے بعد شوال میں چھ روزے رکھنے سنت ہیں، اور جو ایک بار رکھے اس پر واجب نہیں کہ وہ مستقل طور پر ہر سال رکھے، اور کسی ایک سال روزے نہ رکھنے سے گنہگار نہیں ہوگا۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے۔

واللہ اعلم.